## سوال

ایک وتر پڑھنے کا کیا طریقہ ہے ؟

## جواب

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

وتر بھی باقی نماز کی طرح ہی ادا کیا جاتا ہے ۔ اس میں بھی حالت قیام میں ثناء، سورہ فاتحہ اور کسی سورت سے قرآنی آیات تلاوت کی جائیں گی ۔ پھر وتر کی دعا جو حدیث مبارکہ سے ثابت ہے پڑھی جائے گی ۔ پھر رکوع سجود کیا جائے گا ۔ دعائے وتر رکوع کے بعد بھی پڑھنا جائز ہے ۔ ایک رکعت کے بعد تشہد اور درود شریف اور دیگر دعائیں پڑھ کر سلام پھیر دیا جائے گا ۔

واللہ أعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

شیخ عطاء الرحمن علوی